According to the new content List for
PEF (FAS, EVS & NSP) PEIMA & PSRP **2025-26**

# AL-RAZI Conceptual QAT




## 18 TESTS SERIES

**100% SLOs in Question Bank**

## SLOs BASED PAPERS

**Grade 2**

### Salient Features

- Additional Test for every SLO
- 2 Version (PEF & PECTAA Pattern) Papers
- PEF & PECTAA Grand Item Bank
- Previous QAT Questions

- Unit wise 12 Tests
- Half Book Syllabus 2 Tests
- Full Book Syllabus 4 Tests

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI

## Topic Wise
## &
## Chapter Wise

AL-RAZI PUBLICATIONS

# QUESTION BANK

# MATHS

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank

## *Based On All SLOs of Content List*

**Unit 1:** Whole Numbers مکمل اعداد

### SLO 1.1: Ordinal Numbers ترتیبی اعداد

**1. Let us look at the honey bees and their positions.**

آیئے! شہد کی مکھیوں اور اُن کے مقام کو دیکھیں۔




**2. Write the position of first 20 English alphabet.**

پہلے 20 انگلش ایلفابیٹ کی پوزیشن لکھیں۔




### SLO 1.2: Numbers up to 100
### 100 تک اعداد

**3. Let us read and write counting up to 100.**

آیئے! 100 تک گنتی پڑھیں اور لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 ایک One | 2 دو Two | 3 تین Three | 4 چار Four |
| 5 پانچ Five | 6 چھے Six | 7 سات Seven | 8 آٹھ Eight |
| 9 نو Nine | 10 دس Ten | 11 گیارہ Eleven | 12 بارہ Twelve |
| 13 تیرہ Thirteen | 14 چودہ Fourteen | 15 پندرہ Fifteen | 16 سولہ Sixteen |
| 17 سترہ Seventeen | 18 اٹھارہ Eighteen | 19 اُنیس Nineteen | 20 بیس Twenty |
| 21 اکیس Twenty-one | 22 بائیس Twenty-two | 23 تیئیس Twenty-three | 24 چوبیس Twenty-four |
| 25 پچیس Twenty-five | 26 چھبیس Twenty-six | 27 ستائیس Twenty -seven | 28 اٹھائیس Twenty-eight |
| 29 اُنتیس Twenty-nine | 30 تیس Thirty | 31 اکتیس Thirty-one | 32 بتیس Thirty-two |
| 33 تینتیس Thirty-three | 34 چونتیس Thirty-four | 35 پینتیس Thirty-five | 36 چھتیس Thirty-six |
| 37 سینتیس Thirty-seven | 38 اڑتیس Thirty-eight | 39 اُنتالیس Thirty-nine | 40 چالیس Forty |
| 41 اکتالیس Forty-one | 42 بیالیس Forty-two | 43 تینتالیس Forty-three | 44 چوالیس Forty-four |
| 45 پینتالیس Forty-five | 46 چھیالیس Forty-six | 47 سینتالیس Forty-seven | 48 اڑتالیس Forty-eight |
| 49 اُنچاس Forty-nine | 50 پچاس Fifty | 51 اکاون Fifty-one | 52 باون Fifty-two |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 53 ترپن Fifty-three | 54 چوّن Fifty-four | 55 پچپن Fifty-five | 56 چھپن Fifty-six |
| 57 ستاون Fifty-seven | 58 اٹھاون Fifty-eight | 59 اُنسٹھ Fifty-nine | 60 ساٹھ Sixty |
| 61 اکسٹھ Sixty-one | 62 باسٹھ Sixty-two | 63 تریسٹھ Sixty-three | 64 چونسٹھ Sixty-four |
| 65 پینسٹھ Sixty-five | 66 چھیاسٹھ Sixty-six | 67 سڑسٹھ Sixty-seven | 68 اڑسٹھ Sixty-eight |
| 69 اُنہتّر Sixty-nine | 70 ستّر Seventy | 71 اکہتّر Seventy-one | 72 بہتّر Seventy-two |
| 73 تہتّر Seventy-three | 74 چوہتّر Seventy-four | 75 پچھتّر Seventy-five | 76 چھہتّر Seventy-six |
| 77 ستتر Seventy-seven | 78 اٹھہتّر Seventy-eight | 79 اناسی Seventy-nine | 80 اسّی Eighty |
| 81 اکاسی Eighty-one | 82 بیاسی Eighty-two | 83 تراسی Eighty-three | 84 چوراسی Eighty-four |
| 85 پچاسی Eighty-five | 86 چھیاسی Eighty-six | 87 ستاسی Eighty-seven | 88 اٹھاسی Eighty-eight |
| 89 نواسی Eighty-nine | 90 نوے Ninety | 91 اکانوے Ninety-one | 92 بانوے Ninety-two |
| 93 ترانوے Ninety-three | 94 چورانوے Ninety-four | 95 پچانوے Ninety-five | 96 چھیانوے Ninety-six |
| 97 ستانوے Ninety-seven | 98 اٹھانوے Ninety-eight | 99 ننانوے Ninety-nine | 100 سو one hundred |

**4. Write the given numbers in numerals.**

دیے گئے اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

(a) fifteen پندرہ ☐

(b) Twenty-two بائیس ☐

(c) Thirty-six چھتیس ☐

(d) Forty-one اکتالیس ☐

**5. Write the given numbers in words.**

دیے گئے اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔

(a) 18 ☐ (b) 21 ☐

(c) 33 ☐ (d) 45 ☐

**SLO 1.2.2:**

**6. Complete the following.** درج ذیل کو مکمل کریں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (a) | 115 | 116 | 117 | | | 120 | |
| (b) | 238 | 239 | | | 242 | | |

**SLO 1.2.3:**

**7. Write the following numbers in numerals.**

درج ذیل اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (a) | One hundred fifty-two ایک سو باون | |
| (b) | Three hundred thirty-eight تین سو اڑتیس | |

**8. Write the following numbers in words.**

درج ذیل اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (a) | 275 | |
| (b) | 432 | |

**SLO 1.2.4**

**9. How many hundreds, tens and ones are there in the given numbers?**

دیے گئے اعداد میں اکائیاں، دہائیاں اور سینکڑے کتنے ہیں؟

(a) 136

☐ ones اکائیاں

☐ tens دہائیاں

☐ hundred سینکڑا

(b) 285

☐ ones اکائیاں

☐ hundreds سینکڑے

☐ tens دہائیاں

**10. Write the place value of underlined digits.**

خط کشیدہ ہندسوں کی مقامی قیمت لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (a) | 125 | |
| (b) | 270 | |

**SLO 1.2.5:**

**11. Write the number with the help of values.**

قیمتوں کی مدد سے عدد لکھیں۔

(a) 100 + 30 + 2 = ☐

(b) 200 + 10 + 5 = ☐

AL-RAZI PUBLICATIONS

**12. Write the number for the given place values.**

دی گئی مقامی قیمتوں سے عدد لکھیں۔

| Place Values of the Numbers<br>اعداد کی مقامی قیمت | Numbers<br>اعداد |
|---|---|
| 1 one, 2 hundreds, 5 tens<br>1 اکائی، 2 سینکڑے، 5 دہائیاں | |
| 3 tens, 5 hundreds, 4 ones<br>3 دہائیاں، 5 سینکڑے، 4 اکائیاں | |

**SLO 1.2.6**

**13. Encircle the greater number.**

بڑے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **(a)** | 18 | 121 | **(b)** | 248 | 98 |
| **(c)** | 198 | 218 | **(d)** | 600 | 599 |

**14. Encircle the smaller number.**

چھوٹے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **(a)** | 89 | 100 | **(b)** | 212 | 169 |
| **(c)** | 309 | 289 | **(d)** | 550 | 505 |

**15. Encircle the greatest number.**

سب سے بڑے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **(a)** | 115 | 85 | 135 |
| **(b)** | 214 | 275 | 250 |

**SLO 1.2.12:**

**16. Encircle the smallest number.**

سب سے چھوٹے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **(a)** | 105 | 98 | 101 |
| **(b)** | 318 | 381 | 183 |
| **(c)** | 510 | 500 | 482 |

**SLO 1.2.9:**

**17. Write the following numbers in the ascending order.** درج ذیل اعداد کو ترتیب صعودی میں لکھیں۔




Ascending order ترتیب صعودی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**18. Write the following numbers in the descending order.** درج ذیل اعداد کو ترتیب نزولی میں لکھیں۔




Descending order ترتیب نزولی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**SLO 1.2.10:**

**19. Complete the following by counting in 10s.**

10 کی گنتی گنتے ہوئے درج ذیل کو مکمل کریں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 40 | | 60 | | | | 100 |
| 110 | | | 140 | | 160 | |

**20. Write the next 6 numbers by counting in 10s.**

10 کی گنتی گنتے ہوئے اگلے 6 اعداد لکھیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 90 | | | | | | |
| 220 | | | | | | |

**SLO 1.2.11:**

**21. Complete the following by counting in 100s.**

100 کی گنتی گنتے ہوئے درج ذیل کو مکمل کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 300 | | | 600 | | |
| 210 | 310 | | | 610 | |

**22. Write the next 5 numbers by counting in 100s.**

100 کی گنتی گنتے ہوئے اگلے 5 اعداد لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 105 | | | | | |
| 330 | | | | | |

## Review Exercise جائزہ مشق

**1. Recall English alphabet and write the position of the given alphabet.**

انگلش ایلفابیٹ کو دہرائیں اور دیے گئے ایلفابیٹ کا مقام لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **(a)** | D____ | **(b)** | G ____ | **(c)** | J ____ |
| **(d)** | M____ | **(e)** | I ____ | **(f)** | T____ |

**2. Write the numbers in numerals.**

اعداد کو ہندسوں میں لکھیں۔

**(a)** Eighty-nine نواسی ________

**(b)** Three hundred thirteen تین سو تیرہ ________

**3. Write the numbers in words.** اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔

**(i)** 96 ____________________

**(ii)** 269 ____________________

**4. Write the place value of underlined digits.**

خط کشیدہ ہندسوں کی مقامی قیمت لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **(a)** | $5\underline{8}9$ | |
| **(b)** | $\underline{4}90$ | |

**5. Write 10 steps down from the given number.**

دیے گئے عدد سے 10 قدم پیچھے گن کر لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 205 | | | | | |
| | | | | | |

AL-RAZI PUBLICATIONS

**6. Write the numbers in ascending and descending order.** اعداد کو ترتیب صعودی اور نزولی میں لکھیں۔

| 415 | 105 | 145 | 514 | 501 | 405 |
|---|---|---|---|---|---|

Ascending order ترتیب صعودی | | | | | | |

Descending order ترتیب نزولی | | | | | | |

**نوٹ:** درج بالا تمام میتھڈز سٹوڈنٹس کو سمجھا دیں۔ پیپر میں ان SLOs سے ملتے جلتے سوال آئیں گے۔

## Unit 2: Number Operations اعداد پر عوامل

### Addition جمع

**SLO 2.1: Addition of 2-digit numbers (with carrying)**
**دو ہندسی اعداد کی جمع (حاصل جمع کے ساتھ)**

**SLO 2.1.1**

**1. Solve the following.** درج ذیل کو حل کریں۔

(a)

| | T | O |
|---|---|---|
| | 1 | 7 |
| + | | 5 |
| | | |

(b)

| | T | O |
|---|---|---|
| | 3 | 5 |
| + | | 6 |
| | | |

**SLO 2.1.3:**

(c)

| | T | O |
|---|---|---|
| | 6 | 8 |
| + | 2 | 5 |
| | | |

(d)

| | T | O |
|---|---|---|
| | 1 | 2 |
| + | 7 | 9 |
| | | |

**SLO 2.1.4:**

**2. Amna has 24 books and Hina has 8 books. How many books do both girls have altogether?**

آمنہ کے پاس 24 کتابیں اور حنا کے پاس 8 کتابیں ہیں۔ دونوں لڑکیوں کے پاس کل کتنی کتابیں ہیں؟

| | | | T | O |
|---|---|---|---|---|
| Books Amna has | آمنہ کے پاس کتابیں | = | | |
| Books Hina has | حنا کے پاس کتابیں | = + | | |
| Total books | کل کتابیں | = | | |

**SLO 2.2: Addition of 3-digit numbers (without carrying)**
**3 ہندسی اعداد کی جمع (حاصل جمع کے بغیر)**

**SLO 2.2.1:**

**3. Solve the following.** درج ذیل کو حل کریں۔

(a)

| | Hundreds | Tens | Ones |
|---|---|---|---|
| | 2 | 5 | 2 |
| + | | | 6 |
| | | | |

**SLO 2.2.2:**

(b)

| | Hundreds | Tens | Ones |
|---|---|---|---|
| | 3 | 4 | 5 |
| + | | 3 | 4 |
| | | | |

**SLO 2.2.3:**

(c)

| | Hundreds | Tens | Ones |
|---|---|---|---|
| | 2 | 7 | 2 |
| + | 1 | 2 | 7 |
| | | | |

**SLO 2.2.4:**

**4. Rehan likes to play cricket. He buys a bat for Rs 390 and a ball for Rs 208. How much amount does Rehan spend in all?**

ریحان کو کرکٹ کھیلنے کا شوق ہے۔ وہ 390 روپے کا بلّا اور 208 روپے کی گیند خریدتا ہے۔ ریحان کل کتنی رقم خرچ کرتا ہے؟

| | | | H | T | O |
|---|---|---|---|---|---|
| Cost of the bat | بلّے کی قیمت | = | | | |
| Cost of the ball | گیند کی قیمت | = + | | | |
| Total amount spent | خرچ کی گئی کل رقم | = | | | |

**SLO 2.3: Addition of 3-digit numbers (with carrying)**
**3 ہندسی اعداد کی جمع (حاصل جمع کے ساتھ)**

**SLO 2.3.1:**

**5. Solve the following.** درج ذیل کو حل کریں۔

(a)

| | H | T | O |
|---|---|---|---|
| | 1 | 8 | 5 |
| + | | | 6 |
| | | | |

**SLO 2.3.3:**

(b)

| | H | T | O |
|---|---|---|---|
| | 5 | 3 | 3 |
| + | | 4 | 9 |
| | | | |

**SLO 2.3.3:**

(c)

| | H | T | O |
|---|---|---|---|
| | 3 | 8 | 4 |
| + | 1 | 2 | 6 |
| | | | |

**SLO 2.3.4:**

**6. In a cricket test match, Pakistan cricket team scored 462 runs in the first innings and 378 runs in the second innings. Find the total runs scored by the Pakistan cricket team in both innings.**

ایک کرکٹ ٹیسٹ میچ میں پاکستان کی ٹیم نے پہلی اننگز میں 462 رنز اور دوسری اننگز میں 378 رنز بنائے۔ پاکستان نے دونوں اننگز میں کُل کتنا سکور کیا؟

# QUESTION BANK

# ENGLISH

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank

## *Based On All SLOs of Content List*

| Unit 1 | A Tiny Creature ایک ننھی منی مخلوق |
|---|---|
| | The Cricket جھینگر |



## Topics of the Student's Learning Outcomes (SLOs)

### Topic:1 Missing Letters

❒ درست تحریر کے لیے سپیلنگز ذہن نشین کرنا از حد ضروری ہے۔

**Fill any four of the following missing letters to complete the words.(QAT)**

| | | |
|---|---|---|
| wi **t** h | w **a** lk | Ch **i** rp |
| bre **a** th | sh **o** w | m **o** rning |

### Topic:2 Initial & Final Sounds

❒ لفظ کی ابتدائی آواز انیشئل ساؤنڈ اور لفظ کی اختتامی آواز فائنل ساؤنڈ کہلاتی ہے، مثلاً: لفظ "Rain" میں "R" انیشئل ساؤنڈ ہے اور لفظ "Black" میں "k" فائنل ساؤنڈ ہے۔

♦ **Read aloud the given words with their initial and final sounds. (QAT)**

| Initial sounds | | |
|---|---|---|
| r ain | b ug | l ittle |
| **Final sounds** | | |
| glad | black | chirp |

♦ **Say and match the pictures with their initial letter sounds. (QAT)**

k, l, d



h, f, n



♦ **Say and match the pictures with their final letter sounds. (QAT)**

e, p, c



w, n, o



### Topic:3 Sight Words

❒ سائٹ ورڈز ایسے الفاظ ہیں جو روزمرہ گفتگو میں بکثرت استعمال ہوتے ہیں، جیسے read/پڑھنا tell/بتانا

**Read the given sight words.**

| | | |
|---|---|---|
| from | good | about |
| ride | over | your |
| any | blue | |

♦ **Write each of these sight words in the shape box that fits.**

b l u e   g o o d   a b o u t   a n y

### Topic:4 Spelling Correction

❒ درست تحریر کے لیے سپیلنگز ذہن نشین کرنا از حد ضروری ہے۔

**Circle the correct spelling in each row. (QAT)**

| | | |
|---|---|---|
| (glad) | glaad | gllad |
| cheerp | (chirp) | chiirp |
| shini | shyni | (shiny) |
| (black) | blake | blackk |
| weng | (wing) | wiing |

### Topic:5 Digraphs

❒ ایسے دو حروف جو باہم مل کر ایک آواز دیں ڈائی گرافس/Digraphs کہلاتے ہیں، مثلاً ش/sh، ف/ph

♦ **Read the given digraphs in initial positions.**

| Initial position (الفاظ کی ابتدا میں) | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **ch** | **چ** | **sh** | **ش** | **th** | **تھ / د** |
| chirp | چرپ | shine | شائن | three | تھری |
| chair | کرسی | shop | شاپ | that | دیٹ |

♦ **Read the given digraphs in final positions.**

| Final position (الفاظ کا) اختتام میں | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **ch** | **چ** | **sh** | **ش** | **th** | **تھ** |
| rich | رچ | wish | وش | breath | بریتھ |
| much | مچ | push | پش | cloth | کلاتھ |

♦ **Circle the words with digraphs (ch, sh, th) in initial position and tick the ones with these digraphs in final position. (QAT)**

| | | |
|---|---|---|
| (cheese) | much ✓ | (shark) |
| brush ✓ | (thin) | with ✓ |

♦ **Find more words with the digraphs (ch, sh, th).**

| | | |
|---|---|---|
| chin | shark | thread |

### Topic:6 Parts of the Body

❒ جماعت دوئم کے طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ جسم کے حصوں کے نام ذہن نشین کر لیں۔

♦ **Look and read the parts of the body. (QAT)**




## Topic:7 Rhyming Words

❐ رائمنگ ورڈز دو یا دو سے زیادہ ایسے الفاظ ہیں جن کے آخر پر ایک جیسی آواز ہوتی ہے، مثلاً:

Coat, Goat, Float

♦ **Read the rhyming words.**

| | |
|---|---|
| away play | tug bug |

♦ **Match the given rhyming words. (QAT)**




## Topic:8 Nouns *(naming words)*

❐ کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو نیمنگ ورڈ/Naming Word کہتے ہیں۔ جیسے رضا، لاہور، گھوڑا وغیرہ۔

♦ **Match the objects with the naming words. (QAT)**




♦ **Write any five naming words in your notebook and also use them in sentences.**

| Naming Words | Sentences |
|---|---|
| Sun | The sun is rising. |
| Child | The child is sitting on the grass. |
| Bird | The bird is flying over the lake. |
| Tree | The boy is under the tree. |
| Ball | A ball is lying near the boy. |

♦ **Think of some naming words. Write them in the given columns. (QAT)**

| people | places | animals | things |
|---|---|---|---|
| doctor | village | cat | book |
| shopkeeper | city | horse | chair |

## Topic:9 Pronouns *(substitution words)*

❐ ہر ایسا لفظ جو کسی نام یا ناؤن کی جگہ استعمال ہو پروناؤن/Pronoun کہلاتا ہے، مثلاً he/وہ، you/تم، میں/I وغیرہ۔ یہ الفاظ ناموں کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ لہٰذا یہ پروناؤن ہیں۔

♦ **Read the given sentences and notice the use of pronouns in the subjective case. (QAT)**

♦ She is a good girl.
♦ He is a naughty boy.
♦ They are playing.
♦ We are happy.
♦ It is a cute cat.
♦ I like to eat vegetables.
♦ You are great.

♦ **Write a sentence with each given pronoun.**

| Pronouns | Sentences |
|---|---|
| I | I like to eat vegetables. |
| We | We are happy. |
| You | You are great. |
| He | He is a naughty boy. |
| She | She is a good girl. |
| They | They are playing. |
| It | It is a cute cat. |

## Topic:10 Making Words with Alphabetical Letters

**Make words with these letters(f,l,h,z,u,b,g,r,w, m)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **f:** fan | **l:** lion | **h:** hen | **z:** zebra | **u:** umbrella |
| **b:** ball | **g:** girl | **r:** rat | **w:** watch | **m:** man |

## Topic:11 Two-Syllable Words

❐ ایک لفظ کی نا ٹوٹنے والی آواز سلیبل کہلاتی ہے۔ ہر سلیبل میں ایک واول کی آواز لازماً ہوتی ہے مثال کے طور پر: for-**e**st , w**a**r-n**e**r , p**e**r-f**e**ct

♦ **Read the given two-syllable words. (QAT)**

| Words | Syllable division |
|---|---|
| little | lit.tle |
| perfect | per.fect |
| money | mon.ey |
| lovely | love.ly |
| improve | im.prove |

## Topic:12 Creative Writing

❒ کریٹو رائٹنگ خداداد صلاحیتوں اور سیکھی ہوئی مہارتوں کو بروئے کار لانے اور اِن میں نکھار پیدا کرنے میں طلبہ کی مدد کرتی ہے۔

**Write five sentences about blessings of Allah (سبحانہٗ وتعالیٰ) using the given word bank. (QAT)**

| | | |
|---|---|---|
| great | like | many |
| little | creatures | |

**Blessings of Allah Almighty**

**اللہ تعالیٰ کی نعمتیں**

Allah is great. He has created many things for us. We cannot count His blessings. He has created many big and small creatures. We should always be thankful to Him.

# Unit 2 My Home and City

**میرا گھر اور شہر**

# Topics of the Student's Learning Outcomes (SLOs)

## Topic:1 Missing Letters

**Fill in the missing letters to complete the words.**

| | | |
|---|---|---|
| draw **i** ng | g **u** ests | sist **e** r |
| p **a** rents | a **i** ry | |

## Topic:2 Sight Words

♦ **Write each of these sight words in the shape box that fits.**

with it said

of in was

## Topic:3 Spelling Correction

♦ **Circle the correct spelling in each row.**

| | | |
|---|---|---|
| (important) | impartant | importent |
| famus | farmous | (famous) |
| favourate | (favourite) | favurite |
| (grand) | grend | grund |

## Topic:4 Syllable-Division

♦ **Divide the following words into their syllables.**

| Words | Syllabic-Division |
|---|---|
| Discuss | Dis-cuss |
| Capital | Ca-pi-tal |
| dig | dig |

## Topic:5 Action Words

❒ کسی عمل/کارروائی کو ظاہر کرنے والے لفظ کو ایکشن ورڈ/action word کہتے ہیں، مثلاً: دوڑنا، پھینکنا وغیرہ۔

♦ **Read the following sentences and notice the use of action words in them.**

♦ I **help** my mother in her home tasks.
♦ He **reads** a funny story.
♦ Maha **eats** an egg daily.

**Use the action words in the boxes to complete the sentences. (QAT 5 Times)**

| | | |
|---|---|---|
| help | writes | cleans |
| read | play | cooks |

♦ Maha **cleans** her room.
♦ They **read** story books.
♦ We **help** others.
♦ Amir **plays** with his toys.
♦ Saad **writes** a letter.
♦ Maha's mother **cooks.**

## Topic:6 Consonants & Vowels

❒ انگریزی زبان میں پانچ حروف a,e,i,o,u واولز کہلاتے ہیں۔ یہ عموماً الف، آ اور ع کی آواز دیتے ہیں۔ باقی 21 لیٹرز کانسونینٹس کہلاتے ہیں۔

♦ **Read aloud the letters of alphabet. Tick the vowels, count the consonants and vowels and write their numbers in the boxes.**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | B | C | D | E | F | G | H | I | J |
| K | L | M | N | O | P | Q | R | S | T |
| | | U | V | W | X | Y | Z | | |

| Consonants 21 | Vowels 5 |
|---|---|

♦ **Read aloud the vowels in the words below. Write 'V' for initial vowels sounds and 'C' for initial consonant sounds.**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| mother | C | onion | V | umbrella | V | city | C |
| home | C | area | V | family | C | egg | V |

## Topic:7 Consonant Blends

❒ جب کسی لفظ میں دو کانسونینٹ اکٹھے ہوں تو یہ کانسونینٹ بلینڈ کہلاتے ہیں، مثال کے طور پر سپرنگ spring، ٹرک truck (یاد رکھیں کہ ایک کانسونینٹ بلینڈ میں ہر لیٹر کی آواز برقرار رہتی ہیں، جیسے ٹرک truck میں 'tr' کانسونینٹ بلینڈ ہے اور اس میں 't' اور 'r' کی آواز برقرار رہتی ہے۔

♦ **Read aloud the given words with initial consonant blends.**

| Initial Blends | | | |
|---|---|---|---|
| **bl-** | **cl** | **sp** | **pl-** |
| block | clock | spread | plane |
| black | clean | sprinkle | place |

♦ **Circle the words with initial blends in the given sentences.**

• There are many (plants) in my garden.
• She helped the old (blind) lady.
• Look at the (cloud) over there.

# QUESTION BANK

# URDU

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank
## *Based On All SLOs of Content List*

## سبق ۱: حمد

❖ دیے ہوئے الفاظ کے معانی تحریر کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَبّ | گواہی | عَجَب | شان | مَولا | برکت |

### مشق

**حصّہ اوّل** | **مہارت: آپ نے کیا سمجھا؟**

۱۔ مثال کے مطابق کالم (الف) کو کالم (ب) سے مِلائیں۔

| کالم (ب) | کالم (الف) |
|---|---|
| پاک ہے تیری ذات اِلٰہی | اللہ تُو رَحمت والا |
| نام ہے تیرا بَرکت والا | دیتی ہے ہر چیز گواہی |
| عِلم کی یا ربّ دَولت دینا | چاند اور سُورج پھُول اور تارے |
| تُو نے بنائے کِتنے پیارے | ہمّت دینا، عِزّت دینا |

۲۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

**(الف) کس کی ذات کو رَحمت والا کہا گیا ہے؟**

**جواب:** اللہ تعالیٰ کی ذات کو رَحمت والا کہا گیا ہے۔

**(ب) اس نظم میں اللہ تعالیٰ کے کون کون سے نام آئے ہیں؟**

**جواب:** اس نظم میں اللہ تعالیٰ کے یہ نام آئے ہیں:

(i) اِلٰہی (ii) مالک (iii) رَبّ (iv) مَولا

**(ج) بتائیں اس نظم کو حمد کیوں کہا گیا ہے؟**

**جواب:** اِس نظم کو حمد اِس لیے کہا گیا ہے کیوں کہ اِس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی گئی ہے۔

**حصّہ دوم** | **قواعد سیکھیں**

۳۔ دیے ہوئے جملوں میں ختمہ اور سکتہ کا نشان لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

**ختمہ (۔):** جملے کے آخر میں ختمہ (۔) لگایا جاتا ہے۔ مثلاً: اللہ ایک ہے۔

**سکتہ (،):** یہ علامت فقرے میں مختصر ٹھہراؤ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ایک ہی قسم کے الفاظ کو الگ کرنے کے لیے سکتہ (،) لگایا جاتا ہے۔

مثلاً: ٹوکری میں آم، کھجور، سیب اور امرود ہیں۔

| رموزِ اوقاف والے جملے | رموزِ اوقاف کے بغیر جملے |
|---|---|
| کتاب، کاپی اور پنسل بستے میں رکھ دیں۔ | کتاب کاپی اور پنسل بستے میں رکھ دیں |
| ہوا، پانی، سورج، چاند اور تارے اللہ تعالیٰ نے بنائے۔ | ہوا پانی سورج چاند اور تارے اللہ تعالیٰ نے بنائے |
| نیلے، پیلے اور سبز رنگ کی پنسلیں لاؤ۔ | نیلے پیلے اور سبز رنگ کی پنسلیں لاؤ |

۴۔ مثال کے مطابق لکیر کے ذریعے سے واحد الفاظ کو اُن کی جمع سے ملائیں۔

| جمع | واحد |
|---|---|
| انڈے | پرندہ |
| مرغے | دروازہ |
| دروازے | طوطا |
| طوطے | مرغا |
| پرندے | انڈا |

### لفظوں کا کھیل

۵۔ تصاویر پر غور کریں اور مثال کے مطابق معمے میں سے ان تصاویر کے نام ڈھونڈ کر ان کے گرد دائرہ لگائیں اور نیچے لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
|  |  |  |
| آم | مُولی | پھُول |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | م | ک | ل | و | پھ |
| کھ | و | ن | م | آ | ج |
| ف | ل | س | و | ڑ | آ |
| پ | ی | ر | ج | ا | گ |

| | |
|---|---|
|  |  |
| گاجر | آڑو |

**مثال:** ۱۔ پھول ۲۔ مولی ۳۔ آم ۴۔ آڑو ۵۔ گاجر

AL-RAZI PUBLICATIONS

**حصّہ سوم** | **کچھ نیا لکھیں**

**۶۔ وادی کی تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیں۔**



**جواب:** ۱۔ یہ ایک وادی کی تصویر ہے۔

۲۔ اس میں ایک دریا ہے۔

۳۔ اس میں پہاڑ ہیں۔

۴۔ یہ ایک خوب صورت وادی ہے۔

۵۔ وادی میں مکان موجود ہیں۔

## سبق ۲: نعت

❖ **دیے ہوئے الفاظ کے معانی تحریر کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| اصول | عَرش | ہدایت | ہم کلام ہونا |

### مشق

**حصّہ اوّل** | **مہارت: آپ نے کیا سمجھا؟**

**۱۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیں۔**

**(الف) کس ہستی کو دِلوں کا سہارا کہا گیا ہے؟**

**جواب:** حضرت محمد خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کو دلوں کا سہارا کہا گیا ہے۔

**(ب) آپ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم ہمارے لیے کون سی کتاب لائے؟**

**جواب:** آپ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم ہمارے لیے کتابِ الٰہی قرآن مجید لائے۔

**(ج) اس نظم کو نعت کیوں کہا گیا ہے؟**

**جواب:** اس نظم میں حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی تعریف بیان کی گئی ہے اس لیے اس کو نعت کہا گیا ہے۔

**۲۔ دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| دُرُود | جاں | رستہ | ربّ |

**(الف)** ہمیں اپنی جاں سے ہیں پیارے نبیؐ

**(ب)** ہدایت کا رستہ دکھایا انھوں نے

**(ج)** ہمارے لیے لائے ربّ کی کتاب

**(د)** ہزاروں دُرُود اُن پہ، لاکھوں سلام

**حصّہ دوم** | **قواعد سیکھیں**

**۳۔ تصاویر اور ان کے نیچے دیے ہوئے الفاظ ایک دوسرے کے متضاد ہیں۔**

| | |
|---|---|
|  |  |
| صبح | شام |

**۴۔ درست جواب کا دائرہ بھریں۔**

**(الف) ''اوپر'' کا متضاد ہے:**

A سامنے b نیچے C برابر D چھوٹا

**(ب) ''سرما'' کا متضاد ہے:**

A بہار B خزاں c گرما D برسات

**(ج) ''اچھا'' کا متضاد ہے:**

a برا B بھلا C خوب D نیک

**(د) ''فائدہ'' کا متضاد ہے:**

A نفع b نقصان C بہتر D پاک

**لفظوں کا کھیل**

**۵۔ حروف کی آوازیں سنیں۔ انھیں ملا کر لفظ بنائیں اور سامنے لکھیں۔**

| حروف | | | | | الفاظ |
|---|---|---|---|---|---|
| م | ح | ب | ب | ت | محبت |
| م | ح | ت | ر | م | محترم |
| ا | س | ل | ا | م | اسلام |
| ا | ص | و | ل | | اصول |
| ر | ح | م | ت | | رحمت |

**حصّہ سوم** | **کچھ نیا لکھیں**

**۶۔ دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے متعلق پانچ جملے لکھیے۔**

(والد کا نام، والدہ کا نام، پیدائش کا شہر، نیکی کی طرف بلانا، آسمانی کتاب)



**(الف)** ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رَسُوْلُ اللّٰہِ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کے والد کا نام حضرت عبداللہ تھا۔

**(ب)** آپ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی والدہ حضرت بی بی آمنہ تھیں۔

**(ج)** آپ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم عرب کے شہر مکّہ میں پیدا ہوئے۔

**(د)** آپ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم نے نیک کام کرنے اور بُرے کاموں سے بچنے کی تلقین فرمائی۔

**(ہ)** آپ خاتَمُ النَّبِیّین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم پر آسمانی کتاب قرآن مجید نازل ہوئی۔

AL-RAZI PUBLICATIONS

## خط

### والدہ کے نام خط امتحان کے نتیجے کی اطلاع دینے کے لیے

کمرا امتحان

۱۰۔فروری ۲۰۲۵ء

پیاری امی جان!

السلام علیکم!

آپ کو یہ جان کر خوشی ہو گی کہ مَیں نے جماعت اول اچھے نمبروں سے پاس کر لی ہے۔ اب میں دوسری جماعت کا طالب علم ہوں۔ یہ کامیابی آپ کی دعاؤں کی وجہ سے ہے۔ سب گھر والوں کو میری طرف سے سلام۔

والسلام

آپ کا پیارا بیٹا

ا۔ب۔ج

## کہانیاں

### اتفاق میں برکت ہے

ایک کسان کے تین بیٹے تھے جو ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے تھے۔ کسان بہت پریشان رہتا تھا کہ انھیں کس طرح متحد کرے۔ ایک دن کسان نے انھیں لکڑیوں کا گٹھا لانے کو کہا۔ جب وہ لکڑیاں لے آئے تو اس نے گٹھے کو توڑنے کو کہا۔ سب نے زور لگایا لیکن ناکام رہے۔ پھر اس نے کہا کہ اسے کھول دو اور ایک ایک کر کے توڑو۔ سب نے آسانی سے لکڑیاں توڑ دیں۔ اس نے کہا اگر لکڑیوں کے گٹھے کی طرح اکٹھے رہو گے تو مضبوط رہو گے ورنہ ایک ایک لکڑی کی طرح ٹوٹ جاؤ گے۔

**نتیجہ:** ''اتفاق میں برکت ہے۔''

### پیاسا کوا

ایک پیاسا کوا پانی کی تلاش میں ادھر ادھر اڑ رہا تھا۔ وہ ایک باغ میں پہنچا۔ وہاں اس نے ایک گھڑا دیکھا۔ گھڑے میں پانی کم تھا۔ اس نے پانی پینے کی ترکیب سوچی۔ اس نے گھڑے میں کنکریاں ڈالیں۔ پانی اوپر آ گیا۔ کوے نے جی بھر کر پانی پیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور اڑ گیا۔

**نتیجہ:** ''خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں''۔''ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔''

## مضامین

### میرا گھر

میرا گھر جھوک بھٹہ میں ہے۔ میرے گھر میں چھ کمرے ہیں۔ میرے گھر کا صحن بہت وسیع ہے۔ اس میں ہم دوست مل کر مختلف کھیل کھیلتے ہیں جو کرکٹ اور فٹ بال وغیرہ ہیں۔ میرے گھر میں ایک چھوٹا سا باغیچہ بھی ہے جس میں طرح طرح کے پھل دار درخت، سبزیاں، پودے اور پھول ہیں۔ مَیں اپنے ابو، امی، دادا جان اور دادی جان کے ساتھ رہتا ہوں۔ میرا گھر بہت خوب صورت ہے۔ مَیں اپنے گھر کو صاف رکھتا ہوں۔ مجھے اپنے گھر سے بہت پیار ہے۔

### میرا سکول

مَیں جناح پبلک سکول میں پڑھتا ہوں۔ یہ جھوک بھٹہ میں ہے۔ اس کی عمارت خوب صورت ہے۔ اس میں دس کمرے ہیں۔ میرے سکول میں تمام سہولیات موجود ہیں۔ میرے سکول میں ایک کھیل کا میدان بھی ہے۔ میرے اساتذہ بہت محنتی ہیں۔ میرے سکول کا نتیجہ ہمیشہ سو فی صد ہوتا ہے۔ مَیں اپنے سکول سے بہت پیار کرتا ہوں۔

### میری کتاب

یہ میری کتاب ہے۔ یہ اردو کی کتاب ہے۔ یہ دوسری جماعت کے لیے ہے۔ اس میں مختلف قسم کے اسباق ہیں۔ اس میں بہت سی نظمیں ہیں جو بچوں کے لیے بڑی دلچسپ ہوتی ہیں۔ اس میں پاکستانی علاقوں کے بارے میں بہت سی معلومات ہیں اور چاروں صوبوں کے بارے میں سبق ہیں۔ اس میں اچھی اچھی کہانیاں اور خوب صورت تصویریں ہیں۔ اس کی قیمت ۲۰۰ روپے ہے۔ مَیں نے اسے بازار سے خریدا ہے۔ مَیں اسے بہت پسند کرتا ہوں۔ مَیں اسے حفاظت سے رکھتا ہوں۔

# QUESTION BANK

# GENERAL KNOWLEDGE

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI Question Bank
## *Based On All SLOs of Content List*

## یونٹ نمبر1، ہمارا پیاراوطن

### QAT Contents

1.1 پاکستان کے نقشے کی پہچان    1.2 پاکستان کا پرچم
1.3 پاکستان کے صوبے اور وفاقی علاقوں کی ثقافت

### حل شدہ مشقی سوالات

**س1: درج ذیل میں سے درست جواب والے دائرہ کو بھریں۔**

**1. پاکستان کب وجود میں آیا؟**
A 23مارچ1940ء B 14اگست1947ء C 11 ستمبر1948ء

**2. پاکستان کے کتنے صوبے ہیں؟**
A چار B پانچ C چھ

**3. پاکستان کے پرچم میں کتنے رنگ ہیں؟**
A دو B تین C چار

**س2: مندرجہ ذیل بیانات کے سامنے درست پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیں۔**

(i) پاکستان کے پرچم میں سبز رنگ دوسرے مذاہب کی نشان دہی کرتا ہے۔ ✗
(ii) آزاد جموں و کشمیر کا دارالحکومت مظفرآباد ہے۔ ✓
(iii) رقبے کے لحاظ سے بلوچستان پاکستان کا سب سے چھوٹا صوبہ ہے۔ ✗
(iv) پنجاب آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ ✓
(v) گلگت بلتستان پاکستان کے جنوب میں واقع ہے۔ ✗

**س3: پاکستان کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟**
جواب: پاکستان کے دارالحکومت کا نام اسلام آباد ہے۔

**س4: سندھ اور خیبر پختون خوا کی ثقافت کا فرق نیچے لکھیں۔**
جواب:

| | سندھ | خیبر پختون خوا |
|---|---|---|
| زبان | سندھی | پشتو |
| لباس | شلوار قمیص، سندھی ٹوپی اور اجرک | شلوار قمیص، پگڑی، چترالی ٹوپی |
| کھانا | چاول، کوکی، پالک | چپلی کباب، قہوہ اور پلاؤ |

### SLOs کے مطابق اضافی کثیرالانتخابی سوالات

☆ **درج ذیل میں سے درست جواب کے دائرہ کو بھریں۔**

**1. پاکستان کون سے براعظم میں واقع ہے؟**
A ایشیا B یورپ C افریقہ D شمالی امریکہ

**2. پاکستان کا دارالحکومت ہے:**
A لاہور B پشاور C کراچی D اسلام آباد

**3. آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے:**
A پنجاب B سندھ C بلوچستان D خیبر پختون خوا

**4. زمین کے بڑے خشک ٹکڑے کو کہتے ہیں:**
A رقبہ B مستطیل C براعظم D مربع

**5. پاکستانی پرچم میں سبز رنگ نمائندگی کرتا ہے:**
A مسلمانوں کی B غیر مسلموں کی C امن کی D ترقی کی

**6. پاکستانی جھنڈے پر بنا ہوا ستارا کس چیز کی علامت ہے؟**
A روشنی کی B ترقی کی C امن کی D جنگ کی

**7. صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے:**
A ملتان B لاڑکانہ C سکھر D کراچی

**8. موہن جوڈرو صوبہ سندھ کے کون سے ضلع میں واقع ہے؟**
A ملتان B لاڑکانہ C سکھر D کراچی

**9. صوبہ پنجاب کا دارالحکومت ہے:**
A راولپنڈی B لاہور C فیصل آباد D ملتان

**10. کشمیری خواتین............والی قمیص اور شلوار پہنتی ہیں۔**
A پرنٹ B سادہ C کڑھائی D رنگ

### SLOs کے مطابق ٹاپک وائز اضافی مختصر سوالات

#### ہمارا وطن پاکستان

**1. ہمارے وطن کا کیا نام ہے؟**
جواب: ہمارے وطن کا نام پاکستان ہے۔

**2. پاکستان کس براعظم میں واقع ہے؟**
جواب: پاکستان براعظم ایشیا میں واقع ہے۔

**3. پاکستان کب وجود میں آیا؟**
جواب: پاکستان 14 اگست 1947ء کو وجود میں آیا۔

**4. پاکستان کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟**
جواب: پاکستان کے دارالحکومت کا نام اسلام آباد ہے۔

**5. پاکستان کے کتنے صوبے ہیں؟**
جواب: پاکستان کے چار صوبے ہیں۔

**6. پاکستان کے صوبوں کے نام لکھیں؟**
جواب: (i) پنجاب (ii) سندھ
(iii) خیبر پختونخوا (iv) بلوچستان

**7. آزاد کشمیر کے دارالحکومت کا نام لکھیں؟**
جواب: مظفرآباد آزاد کشمیر کا دارالحکومت ہے۔

**8. گلگت بلتستان کے دارالحکومت کا نام لکھیں؟**
جواب: ''گلگت'' گلگت بلتستان کا دارالحکومت ہے۔

**9. رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ کون سا ہے؟**
جواب: رقبے کے لحاظ سے بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔

### پاکستان کا پرچم

**10. پاکستان کے پرچم میں سبز رنگ کس کو ظاہر کرتا ہے؟**
جواب: پاکستان کے پرچم میں سبز رنگ مسلمانوں کی نمائندگی کو ظاہر کرتا ہے۔

**11. پاکستان کے پرچم میں سفید رنگ کس کو ظاہر کرتا ہے؟**
جواب: پاکستان کے پرچم میں سفید رنگ دوسرے مذاہب کے لوگوں کی نمائندگی کو ظاہر کرتا ہے۔

AL-RAZI PUBLICATIONS

12. **براعظم کسے کہتے ہیں؟**
جواب: زمین کے بڑے خشک ٹکڑے یا علاقے کو براعظم کہتے ہیں۔
13. **دنیا میں کتنے براعظم ہیں؟** جواب: دنیا میں سات براعظم ہیں۔
14. **پاکستان کے پرچم میں چاند اور ستارا کس کی علامت ہیں؟**
جواب: پاکستان کے پرچم میں چاند ترقی اور ستارا روشنی اور علم کی علامت ہیں۔

## سندھ

15. **صوبہ سندھ کے دارالحکومت کا نام لکھیں؟** جواب: کراچی صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے۔
16. **صوبہ سندھ کے لوگ کون سا لباس پہنتے ہیں؟**
جواب: صوبہ سندھ کے لوگ لباس میں شلوار قمیص، اجرک اور سندھی ٹوپی پہنتے ہیں۔
17. **کوکی کون سی روٹی ہے؟**
جواب: کوکی سندھی روٹی ہے جو آٹا، پیاز، دھنیا، سبز مرچ اور زیرا سے مل کر بنتی ہے۔
18. **موہن جودڑو کہاں واقع ہے؟**
جواب: موہن جودڑو صوبہ سندھ کے ضلع لاڑکانہ میں واقع ہے۔

## پنجاب

19. **صوبہ پنجاب میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟**
جواب: پنجاب کے لوگ زیادہ تر پنجابی زبان بولتے ہیں۔ اس کے علاوہ سرائیکی اور پوٹھوہاری بھی بولی جاتی ہے۔
20. **بادشاہی مسجد کہاں ہے؟** جواب: بادشاہی مسجد لاہور میں ہے۔
21. **پنجاب کا مشہور کھیل کون سا ہے؟**
جواب: پنجاب کا مشہور کھیل کبڈی ہے جو پوری دنیا میں مشہور ہے۔

## خیبر پختونخوا

22. **صوبہ خیبر پختونخوا کا دارالحکومت کون سا ہے؟**
جواب: صوبہ خیبر پختونخوا کا دارالحکومت پشاور ہے۔
23. **مالم جبہ اور جھیل سیف الملوک کس صوبہ میں ہیں؟**
جواب: مالم جبہ اور جھیل سیف الملوک صوبہ خیبر پختونخوا میں ہیں۔
24. **صوبہ خیبر پختونخوا کے لوگ کون سی زبانیں بولتے ہیں؟**
جواب: صوبہ خیبر پختونخوا کے لوگ پشتو، ہندکو، کھوار اور کوہستانی زبانیں بولتے ہیں۔
25. **صوبہ خیبر پختونخوا کے لوگ کون سا لباس پہنتے ہیں؟**
جواب: مردوں کا لباس شلوار قمیص، پگڑی، چترالی ٹوپی، قراقلی اور پشاوری چپل ہیں۔ جب کہ عورتیں کڑھائی والی قمیص اور شلوار پہنتی ہیں۔

## بلوچستان

26. **بلوچستان کے دارالحکومت کا نام لکھیں؟**
جواب: کوئٹہ بلوچستان کا دارالحکومت ہے۔
27. **بلوچستان میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟**
جواب: بلوچستان میں بلوچی، پشتو اور براہوی زبانیں بولی جاتی ہیں۔
28. **بلوچستان کے لوگ کون سا لباس پہنتے ہیں؟**
جواب: مردوں کا لباس شلوار قمیص اور پگڑی ہیں جب کہ عورتیں کڑھائی والا کرتا اور شلوار پہنتی ہیں۔
29. **بلوچستان کے خاص کھانے کون سے ہیں؟**
جواب: بلوچستان کے خاص کھانے میں سجی اور کھڈی کباب ہیں۔
30. **بلوچستان کا مشہور رقص کون سا ہے؟**
جواب: ''بلوچی چاپ'' اور ''اتن'' بلوچستان کا مشہور رقص ہے۔

## آزاد جموں و کشمیر

31. **آزاد جموں و کشمیر میں کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟**
جواب: آزاد جموں و کشمیر میں پہاڑی، ہندکو، گوجری اور کشمیری زبانیں بولی جاتی ہیں۔
32. **کشمیری لوگوں کی پسندیدہ خوراک کون سی ہے؟**
جواب: کشمیری لوگوں کی پسندیدہ خوراک چاول، کشمیری کلچہ اور کشمیری چائے ہے۔

## گلگت بلتستان

33. **گلگت بلتستان کہاں واقع ہے؟**
جواب: گلگت بلتستان پاکستان کے شمال میں واقع ہے۔
34. **گلگت بلتستان میں لوگ کون سی زبانیں بولتے ہیں؟**
جواب: گلگت بلتستان میں لوگ شینا، کھوار، بھروشسکی اور بلتی زبانیں بولتے ہیں۔
35. **راکاپوشی کس صوبے کی مشہور چوٹی ہے؟**
جواب: راکاپوشی گلگت بلتستان کی مشہور پہاڑی چوٹی ہے۔

☆ **کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔**

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| پنجاب کا دارالحکومت | گلگت |
| سندھ کا دارالحکومت | پشاور |
| بلوچستان کا دارالحکومت | لاہور |
| خیبر پختونخوا کا دارالحکومت | کراچی |
| گلگت بلتستان کا دارالحکومت | کوئٹہ |

☆ **دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| سات | ایشیا | لاڑکانہ | پشتو | شمال |
| راکاپوشی | قہوہ | لاہور | خیبر پختونخوا | کشمیری |

1. پاکستان براعظم ______ میں واقع ہے۔
2. دُنیا میں ______ براعظم ہیں۔
3. بادشاہی مسجد ______ میں واقع ہے۔
4. صوبہ خیبر پختونخوا کی زبان ______ ہے۔
5. موہن جودڑو صوبہ سندھ کے ضلع ______ میں واقع ہے۔
6. صوبہ خیبر پختون خوا میں ______ بھی شوق سے پیا جاتا ہے۔
7. ______ گلگت بلتستان کی مشہور پہاڑی چوٹی ہے۔
8. گلگت بلتستان پاکستان کے ______ میں واقع ہے۔
9. دال چاول ______ لوگوں کی پسندیدہ خوراک ہے۔
10. جھیل سیف الملوک ______ صوبے میں واقع ہے۔

# یونٹ نمبر 2، دیہات اور شہر

QAT Contents

2.1 دیہات کی اہم خصوصیات
2.2 شہر کی نمایاں خصوصیات
2.3 دیہاتی اور شہری زندگی کا موازنہ
2.4 شہر اور دیہات کے لوگوں کے مشترکہ پیشے

AL-RAZI PUBLICATIONS

# AL-RAZI

# Practice Test

# MATHEMATICS

| | |
|---|---|
| Roll No: ____________________ | Time: 30 Minutes Total Marks: (25) |
| Gender: Please (✓) one | Male ☐ Female ☐ |
| Test # 1 (Version-A) | Syllabus: Unit: 1 |

## SECTION - I

10 Marks

**Q.No.1: Write the number with the help of place values.** **(1 × 3 = 3)**

مقامی قیمتوں کی مدد سے عدد لکھیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **Example** مثال | 100 + 30 + 6 | = | 136 | |
| **(i)** | 900 + 10 + 0 | = | | |
| **(ii)** | 500 + 40 + 7 | = | | |
| **(iii)** | 400 + 80 + 5 | = | | |

**Q.No.2: Write the following numerals in words.** **(1 × 4 = 4)**

درج ذیل اعداد کو الفاظ میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| **(i)** | 881 | |
| **(ii)** | 232 | |
| **(iii)** | 671 | |
| **(iv)** | 716 | |

**Q.No.3: Encircle the smallest number.** **(1 × 3 = 3)**

سب سے چھوٹے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **(i)** | 25 | 52 | 38 |
| **(ii)** | 19 | 11 | 8 |
| **(iii)** | 25 | 8 | 10 |

## SECTION - II

8 Marks

**Q.No.1: Write the numbers in descending order.** **(2 × 2 = 4)**

اعداد کو ترتیب نزولی میں لکھیں۔

**(i)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 807 | 484 | 605 | 809 | 304 |

**Descending Order** ترتیب نزولی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**(ii)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 508 | 705 | 910 | 604 | 811 |

**Descending Order** ترتیب نزولی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

AL-RAZI PUBLICATIONS

**Q.No.2: Write the numbers in ascending order.** **(2 × 2 = 4)**

اعداد کو ترتیب صعودی میں لکھیں۔

**(i)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 521 | 315 | 406 | 130 | 201 |

**Ascending Order** ترتیب صعودی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**(ii)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 913 | 891 | 425 | 600 | 304 |

**Ascending Order** ترتیب صعودی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

**SECTION - III** **7 Marks**

**Q.No.1: Write the place value of underlined digits.** **(1 × 4 = 4)**

خط کشیدہ ہندسوں کی مقامی قیمت لکھیں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **(i)** | 31<u>5</u> | | **(ii)** | 8<u>0</u>7 | |
| **(iii)** | <u>2</u>11 | | **(iv)** | 98<u>7</u> | |

**Q.No.2: Encircle the greater number.** **(1 × 3 = 3)**

بڑے عدد کے گرد دائرہ لگائیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **(i)** | 406 | 604 | **(ii)** | 513 | 513 | **(iii)** | 989 | 889 |

☆☆☆☆☆

# ENGLISH

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Roll No:** ____________ **Name:** ____________ | | **Marks: (25)** | **Time: 30 Minutes** |
| **Gender: Please (✓) one** | | **Male** ☐ | **Female** ☐ |
| **Test # 1 (Version-A)** | | **Unit: 1** | |

## SECTION - I

**8 Marks**

**Q.No.1:**

**(a) Fill in any FOUR of the missing letters to complete the words. (Bloom)** **(4)**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| bl __ ck | r__in | f__n | b__g | f__st |

**(b) Match each picture with its initial letter sound. (QAT)** **(4)**

| | |
|---|---|
| D |  |
| F |  |
| C |  |
| S |  |

## SECTION - II

**8 Marks**

**Q.No.1:**

**(a) Circle the words containing digraphs.** **(4)**

| | | |
|---|---|---|
| glad | chin | fast |
| thing | bird | play |
| tag | ant | shiny |
| bear | happy | brush |

**(b) Fill in the blanks with suitable pronouns.** **(4)**

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | __________ is a good girl. | She/He |
| **2.** | __________ is a naughty boy. | he/she |
| **3.** | __________ are playing. | I/They |
| **4.** | __________ is a cute cat. | It/He |

AL-RAZI PUBLICATIONS

**SECTION - III** **9 Marks**

**Q.No.1:**

**(a) Think of some naming words. Write them in the relevant columns. (QAT) (4)**

| People | Places | Animals | Things |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

**(b) Write five sentences about blessings of Allah (سبحانهٗ وتعالٰی) using the given word bank.(QAT)**

| great | like | many | little | creatures |
|---|---|---|---|---|

**(5)**

AL-RAZI PUBLICATIONS

# اُردُو

| | | | |
|---|---|---|---|
| رول نمبر: __________ | نام: __________ | کل نمبر: 25 | کل وقت: 30 منٹ |
| ٹیسٹ 1 (Version-A) | | (حصہ اوّل) | سلیبس: سبق: 1،2،3 |

**سوال نمبر۱:** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سے تین کے مختصر جوابات دیں۔ **(6)**

**سوال الف:** نظم ''حمد'' کے مطابق کس کی ذات کو رَحمت والا کہا گیا ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

**سوال ب:** نظم ''نعت'' کے مطابق کس ہستی کو دِلوں کا سہارا کہا گیا ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

**سوال ج:** اس نظم کو حمد کیوں کہا گیا ہے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

**سوال د:** سبق ''پیارے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ'' کے مطابق سفر سے واپسی پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ بچّوں کو دیکھ کر کیا کرتے؟

جواب: ____________________________________________

____________________________________________

**سوال نمبر۲:** خالی جگہ پُر کریں۔ **(4)**

| | |
|---|---|
| (الف) | حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن ﷺ اللہ تعالیٰ کے ________ ہیں۔ |
| (ب) | جو ہمارے چھوٹوں پر شفقت نہیں کرتا اور ________ کی عزت نہیں کرتا، اُس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔ |
| (ج) | ہمیں اپنی ________ سے ہیں پیارے نبیؐ |
| (د) | ہزاروں ________ اُن پہ، لاکھوں سلام |

## (حصہ دوم)

**سوال نمبر۱:** مندرجہ ذیل واحد کے جمع لکھیں۔ **(4)**

| واحد | جمع |
|---|---|
| پرندہ | |
| دروازہ | |
| طوطا | |
| مرغا | |

AL-RAZI PUBLICATIONS

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔ (3)

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| اوپر | |
| سرما | |
| اچھا | |

سوال نمبر۳: حروف کو ملا کر لفظ بنائیں اور سامنے لکھیں۔ (3)

| حروف | الفاظ |
|---|---|
| ب + ر + ک + ت | |
| م + ح + ب + ب + ت | |
| ا + س + ل + ا + م | |

## (حصہ سوم)

سوال نمبر۱: دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيِّين ﷺ کے متعلق پانچ جملے لکھیے۔ (والد کا نام، والدہ کا نام، پیدائش کا شہر، نیکی کی طرف بلانا، آسمانی کتاب) (5)

**یا** بیماری کے لیے چھٹی کی درخواست لکھیں۔



**نوٹ:** (حصہ سوم مضمون، کہانی، خط، درخواست کے لیے علیحدہ شیٹ استعمال کریں۔)

# واقفیت عامہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| Roll No: ____________ Name: ____________ | | Total Marks: (25) | Time: 30 Minutes |
| Gender: Please (✓) one Male ☐ Female ☐ | | Test # 1 (Version A) | Unit: 1 - 2 |

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب والے دائرہ کو بھریں۔ (1 × 5 = 5)

1۔ پاکستان کب وجود میں آیا؟

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | 23مارچ1940ء | B | 14اگست 1947ء | C | 11 ستمبر1948ء | D | |

2۔ صوبہ پنجاب کا مشہور مقام ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A |  | B |  | C |  | D |  |

3۔ پاکستان کی زیادہ تر آبادی مشتمل ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | شہروں پر | B | دیہاتوں پر | C | قصبوں پر | D | مارکیٹوں پر |

4۔ مریضوں کا علاج کرتا ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | استاد | B | موچی | C | قصاب | D | ڈاکٹر |

5۔ تعلیم کے بہتر مواقع ہوتے ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | گاؤں میں | B | شہر میں | C | دیہات میں | D | قصبوں میں |

سوال نمبر2: کالم 'الف' کو کالم 'ب' سے ملائیں۔ (5)

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| قصاب |  |
| موچی |  |
| درزی |  |
| ڈاکٹر |  |
| استاد |  |

AL-RAZI PUBLICATIONS

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیں۔ (5×2=10)

1۔ پاکستان کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

2۔ براعظم کسے کہتے ہیں؟

3۔ موہن جودڑو کہاں واقع ہے؟

4۔ آپ بڑے ہو کر کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہیں گے اور کیوں؟

5۔ لکڑی کا کام کون کرتا ہے؟

6۔ آپ گوشت لینے کے لیے کس کے پاس جاتے ہیں؟

سوال نمبر4: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔ (5)

| شہروں | کھلے اور کچے | ایشیا | 14 اگست 1947ء | بلوچستان |
|---|---|---|---|---|

| | |
|---|---|
| -1 | پاکستان براعظم..................میں واقع ہے۔ |
| -2 | پاکستان..................کو وجود میں آیا۔ |
| -3 | رقبے کے لحاظ سے.................. پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ |
| -4 | دیہات میں عام طور پر..................گھر ہوتے ہیں۔ |
| -5 | ........................میں یونیورسٹیاں اور ٹریفک کا شور ہوتا ہے۔ |

**نوٹ**: پریکٹس ٹیسٹوں میں ضرورت کے تحت طلبہ وطالبات اضافی شیٹ کا استعمال کر سکتے ہیں مگر QAT کے دوران میں اضافی شیٹ کی اجازت نہیں ہوتی۔

# Syllabus Class 2 AL-RAZI Conceptual 18 Tests Series (2025-26)

| TEST | G.K. | MATHS | URDU |
|---|---|---|---|
| Test (1) (Version A)<br>Test (1) (Version B) | Unit 1<br>Unit 2 | Unit 1:<br>Whole Numbers | سبق نمبر 1، 2، 3 مضمون: دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے اللہ تعالیٰ کے آخری نبی حضرت محمد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّنَ ﷺ کے متعلق پانچ جملے لکھیے۔ وادی کی تصویر کے بارے میں تین جملے لکھیں۔ (SLO) کہانی: پیاسا کوا درخواست: بیماری کے لیے چھٹی کی درخواست گرامر: واحد جمع قواعد: حرف۔لفظ، لفظ کی اقسام (معانی کے لحاظ سے)کلمہ مہمل۔کلمہ کی قسمیں |
| Test (2) (Version A)<br>Test (2) (Version B) | Unit 3<br>Unit 4 | Unit 2:<br>Number Operations<br>☆ Addition ☆ Subtraction | سبق نمبر 4،5،6 مضمون: میرا اسکول۔رموزِ اوقاف کا خیال رکھتے ہوئے بچوں کے کسی رسالے یا کتاب میں سے کوئی سے پانچ جملے خوش خط نقل کریں۔(SLO)، کہانی: دی ہوئی ہر تصویر کے نیچے جملے لکھ کر کہانی مکمل کریں۔ (SLO) درخواست: برائے رخصت ضروری کام گرامر: مذکر مؤنث قواعد: جملہ، جملے کی اقسام |
| Test (3) (Version A)<br>Test (3) (Version B) | Unit 5<br>Unit 6<br>Unit 7 | Unit 2:<br>☆ Multiplication ☆ Division | سبق نمبر 7،8،9 مضمون: فرض کریں اگر قائدِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے آپ کی ملاقات ہو تو آپ اُن سے کون سے پانچ سوال کریں گے؟ (SLO)، دی ہوئی تصویروں کے عنوان لکھیں۔ نیز ہر تصویر کے بارے میں تین تین جملے بھی لکھیں۔ (SLO) کہانی: ''لالچ بری بلا ہے''، درخواست: برائے رخصت شرکت شادی گرامر: الفاظ مترادف قواعد: اسم کی اقسام (گنتی کے لحاظ سے)، اسم کی اقسام (جنس کے لحاظ سے) |
| Test (4) (Version A)<br>Test (4) (Version B) | Unit 8<br>Unit 9<br>Unit 10 | Unit 3:<br>Fractions | سبق نمبر 10،11،12،13 مضمون: ''میری کرسی''، اپنے سکول کا پتا خوش خط لکھیں۔(SLO)، اپنے گھر کا مکمل پتا خوش خط لکھیں۔ (SLO) کہانی: ''جھوٹ کی سزا'' گرامر: الفاظ متضاد قواعد: فاعل۔فعل۔مفعول، فعل ماضی۔فعل حال۔فعل مستقبل |
| Test (5) (Version A)<br>Test (5) (Version B) | Unit 11<br>Unit 12<br>Unit 13 | Unit 4:<br>Measurement<br>(Length , Mass and Capacity) | سبق نمبر 14،15،16،17 مضمون: میری میز، ایسے پانچ جملے لکھیں، جن میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جا رہا ہو۔ (SLO)، خط: امتحان کے نتیجے کی اطلاع دینے کے لیے والدہ کے نام خط گرامر: ہم آواز الفاظ قواعد: اسم ضمیر، اسم نکرہ۔اسم معرفہ |
| Test (6) (Version A)<br>Test (6) (Version B) | Unit 14<br>Unit 15<br>Unit 16 | Unit 5:<br>Measurement<br>(Time)<br>Unit 6: Geometry | سبق نمبر 18، 19، 20، 21، 22 مضمون: ''گائے''، ''میرا دوست'' کے موضوع پر پانچ جملے لکھیں۔ (SLO)، دی ہوئی تصویر پر پانچ جملے لکھیں۔ (SLO)، خط: والد کی خیریت دریافت کرنے کے لیے خط گرامر: الفاظ کا جملوں میں استعمال قواعد: استفہامیہ جملے، حروف استعجاب |
| (1st Half) | Unit 1 - 8 | Unit 1: Whole Numbers,<br>Unit 2: Number Operations | سبق: 1 تا 11 فرسٹ ہاف<br>(مع مشق و درج بالا مضامین، کہانیاں، خطوط، درخواستیں، قواعد و حاصلات تعلم) |
| (2nd Half) | Unit 9 - 16 | Unit 3: Fractions<br>Unit 4: Measurement<br>(Length , Mass and Capacity)<br>Unit 5:<br>Measurement (Time)<br>Unit 6: Geometry | سبق: 12 تا 22 سیکنڈ ہاف<br>(مع مشق و درج بالا مضامین، کہانیاں، خطوط، درخواستیں، قواعد و حاصلات تعلم) |
| Full Syllabus | Contains full syllabus (Version wise 4 Tests) | | |

AL-RAZI PUBLICATIONS
الرازی

**Address :** Shop No.18, Al-Kareem Market, Urdu Bazar, Lhr.
**Tel :** 042-37242421, 042-37141595 **Cell:** 0318-4598150, 0319-1588845
**E-mail :** alrazienterprises1@gmail.com
**Youtube :** success with Al-Razi Publications

**Rs. 295/-**